# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 03 اگست 2020ء بمطابق 12 ذی الحج 1441 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِى الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ O قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ O قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ O اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ O فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ O وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ O وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۔

(ترجمہ): پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا "بتاؤ، زمین میں تم کتنے سال رہے؟"۔ وہ کہیں گے "ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھیرے ہیں شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے"۔ ارشاد ہوگا "تھوڑی ہی دیر ٹھیرے ہونا، کاش تم نے یہ اُس وقت جانا ہوتا۔ کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمھیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمھیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟"۔ پس بالا و برتر ہے اللہ، پادشاہ حقیقی، کوئی خدا اُس کے سوا نہیں، مالک ہے عرش بزرگ کا۔ اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے، جس کیلئے اس کے پاس کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے ایسے کافر کبھی فلاح نہیں پا سکتے۔ اے محمدؐ، کہو، "میرے رب درگزر فرما، اور رحم کر، اور تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے"۔ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيمِ۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور'، کوئسچن نمبر6251،جناب بہادر خان صاحب۔

جناب بہادر خان: شکریه سپیکر صاحب، د ټولو نه وړاندې خو تاسو ته او ستاسو په وساطت باندې د لوئې اختر مبارکی وایمه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مهربانی جی۔

جناب بہادر خان: په خیر شوے وو او نن دریمه ورځ ده پکار وه چې یو هفته نیمه پکښې وې خو تاسو راغوښتې ده نو مونږه حاضر شوی یو۔ دا د واټر منیجمنټ ما کړے دے سر، خو متعلقه منسټر نشته دے نو دا دواړه چې دی نو دا د زراعت او د لائیوسټاک دی، دوه دی، یو پسې بل هم دے او متعلقه منسټر نشته دے نو ښه خبره دا ده، زه ریکویسټ کومه چې دا دواړه کمیټئ ته اولیږه ځکه چې دوئ دا کوم جواب ورکړے دے، دا ټهیک نه دے نو که زه اوس د بل نه تپوس کومه او بل ما له جواب راکوی، په هغې به دے نه پوهیږی نو تاسو ته زه درخواست کومه چې دا دواړه کمیټئ ته، دا د لائیوسټاک دا او دا د زراعت دا، دا دواړه اولیږه چې د دې پوره تفتیش اوشی او په هغه انداز باندې واټر منیجمنټ دے یو، یو لائیوسټاک دے، دواړه دغې کمیټئ ته اولیږئ، مهربانی اوکړه چې صحیح دغه ئې اوشی، دا خو زمونږ د مستقبل خبره ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: د ټولو نه مخکښې خو زه ټولو آنریبل ممبرز ته د لوئې اختر مبارکباد ورکومه جی او چې کومې قربانئ ټولو کړی دی، الله د قبولې کړی خپل دربار کښې۔ بهادر خان صاحب! تاسو خبره اوکړه چې مونږ درله راغوښتې دی خو تاسو ته پته ده چې نن Public holiday نشته جی، نن سرکاری دفاتر او هر څه کهلاؤ دی۔ چونکه د اختر دریمه ورځ ده خو نن آفیشل چهټی نشته جی نو مونږه ځکه اجلاس راغوښتې دے جی۔ بله خبره دا ده چې منسټر صاحب، دا د Cabinet combined ذمه واری ده، که یو منسټر صاحب Respond کول غواړی، Respond کولې شی نو ټهیک ده، که Respond ئې نکړو، تاسو مطمئن نه وئی نو بیا په هغې باندې مونږه سوچ کوؤ، ډیفر به ئې کړو چې منسټر راشی بیا به پرې خبرې اوکړئ خو تاسو خپل کوئسچن چې کوم دے، هغه تاسو

اووائې که تاسو منسټر صاحب Satisfied نه کړئ، بیا به پرې خبرې اوکړو جی۔
جی بہادر خان صاحب۔

<u>جناب بہادر خان</u>: ما ترې جناب سپیکر صاحب، ما ترې تفصیل غوښتې دے د ټولې ضلعې چې زمونږ په ضلع کښې د واټر منیجمنټ څومره سکیمونه کړی دی او بیا د PK-16 خصوصی ما ته د هغې لسټ راکړئ د 2015-16 نه د 2020 راروان چې کوم کیږی، تاسو د هغې ما ته تفصیل راکړئ، نو دوئ چې کوم څه ورکړی دی، دا ټهیک نه دی، د نور دیر ئې هم نه دی ورکړی، د نور دیر ئې پینځه، زمونږ پینځه حلقې دی او زما د PK-16 ئې ورکړی دی خو ټهیک ئې نه دی ورکړی غلط ئې ورکړی دی۔ زما خو علاقه ده او زما کلے دے نو که زه اوس په دې ډیر بحث کومه نو زما خیال دے نو منسټر صاحب به په دې نه وی پوهه، هغه خو به دې لیکلو ته ګوری نو زه دا وایمه چې متعلقه منسټر نشته دے چې کوم د دې دے، کمیټئ ته به ئې اولیږو، که زه ئې مطمئن کړم څه خبره خو نه ده، زه خو چرته۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: دا سې به اوکړو جی چې۔۔۔۔۔

<u>جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی بلدیات واطلاعات)</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تاسو Respond کوئ جی؟

<u>معاون خصوصی بلدیات واطلاعات</u>: او جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کامران بنگش صاحب به Respond کړی جی که Satisfied نه یئ بیا به ډیفر کړو جی۔ جی کامران بنگش صاحب!

<u>معاون خصوصی بلدیات واطلاعات</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ مسټر سپیکر! د ټولو نه اول خو دې هاؤس کښې ټول موجود مشرانو ته د اختر مبارکی تاسو ته هم۔ بہادر خان صاحب ته درخواست دے که هغوی مونږ سره Agree کوی په دې باندې نو که دا کوئسچن مونږه ډیفر کړو او راروان اجلاس کښې یا که نن راغلو، زما رابطه نه کیږی د محب الله خان صاحب سره، نو که نن رانغلو نو راروان اجلاس ته دا کوئسچن بیا دغه کړئ، د ډیپارټمنټ نه به هم پکښې نور تفصیلی جواب راشی، که دوئ نه وو مطمئن نو بیا به ئې مونږه کمیټئ ته اولیږو جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہادر خان صاحب! دا چې کوم۔۔۔۔

جناب بہادر خان: سپیکر صاحب!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب بہادر خان: سپیکر صاحب! درخواست کومه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

جناب بہادر خان: هغه بله ورځ چې هم مونږه دا پینډنګ کړو نو د منسټر د نه راتلو په وجه مونږ پینډنګ کړو، اوس دا دوباره دے، په دریم ځل ئې زه نشم پینډنګ کولې او بل زه وایم چې دا متعلقه منسټران چې تاسو نه شئ حاضر کولې جواب ته، بیا د دې کوئسچنو زمونږه هډو څه ضرورت نشته دے ځکه چې زمونږ کومې کوئسچنې تلې دی کمیټئ ته، یو که کومې کمیټئ ته تلی هم دی، که هلته پرې څه فیصلې شوی هم دی نو څه عملدرآمد پرې څوک نه کوی نو دا ده چې زه درخواست کومه چې یو خو د کوم منسټر کوئسچن راځی، پکار ده چې هغه حاضر کیږی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بہادر خان صاحب! ستاسو خبرې سره اتفاق کومه جی خو چونکه منسټر صاحب Application رالیږلې دے چې طبیعت مې ناسازه دے، راغلې نه دے نو څنګه چې کامران بنګش صاحب اووئیل چې دا لاسټ ټائم به ستاسو دا کوئسچن مونږه ډیفر کړو، بل ځل تاسو په دې کوئسچن باندې Satisfied نه شوئ، تاسو Satisfied نکړئ نو ستاسو چې څومره کوسئچنز دی، هغه به مونږه ان شاء اللّٰه کمیټئ ته واستوؤ، که منسټر بیا وی او که نه وی کمیټئ ته به ئې بیا واستوؤ ان شاء اللّٰه، نن به دا ډیفر کړو، بیا به که منسټر صاحب نه وی کمیټئ ته به ئې واستوؤ جی ان شاء اللّٰه۔

جناب بہادر خان: زه پرې پوهه نه شوم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دا چې کوم کوئسچن تاسو راوړے دے جی، تاسو مخکښې هم اووئیل چې منسټر صاحب نه وو، ډیفر شوے وو، دا لاسټ ټائم چې کوم دے مونږه بیا ډیفر کوؤ، که بل ځل منسټر صاحب نه وو نو ډائریکټ به ئې مونږه ان

شاء اللّٰہ کمیټۍ ته واستوؤ چې هغه جواب نه ورکوی، مونږ به ئې ډائریکټ کمیټۍ ته واستوؤ ان شاء اللّٰہ جی۔ دا بهادر خان صاحب چې کوم کوئسچنز راوړی دی 6251 او 6266 او ورسره دا یو کوئسچن بهادر خان صاحب چې کوم دے، دا بیل دی، دا دوه کوئسچنز دی بلکه د ایګریکلچر ډیپارټمنټ، ایګریکلچر ډیپارټمنټ، د ایګریکلچر ډیپارټمنټ چې څومره کوئسچنز کوم یو آنریبل ممبر هم راوړی دی، هغه ټول ډیفر شو او زه منسټر صاحب ته د دې ځائې نه وایمه، نور آنریبل منسټرز هم ناست دی چې هغوی ته اووائی چې نیکسټ اجلاس کښې هغوی خپل، د دوئ Presence ضرور اوکړی او د دې کوئسچنز جوابات ورکړی ورته جی۔ تهینک یو۔

<u>جناب بہادر خان</u>: سپیکر صاحب! ما په دې باندې لږه خبره کول غوښتل۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: هغه خو ما جی یو خبره، دا اوشوه جی خبره نو ستاسو ټول کوئسچنز چې کوم دی د ایګریکلچر ډیپارټمنټ ټول مونږه ډیفر کړل، په هغې به اوس خبرې کوؤ بیا چې کله منسټر صاحب وی، ما اوس خبره، رولنګ پرې ورکړو په هغې باندې، بیا به پرې خبره کوؤ ان شاء اللّٰہ جی۔ کوئسچن نمبر 6217، محترمه حمیرا خاتون صاحبه سوشل ویلفیئر۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہ میرا ایک کوئسچن آپ نے، اس سے پہلے ایک کوئسچن ہے 6216۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: اس کا پہلا جی میں نے، وہ میں نے بول دیا جی کہ ایگریکلچر سے جو Related ہیں، میں نے تمام ڈیفر کر دیئے، منسٹر صاحب موجود نہیں ہے اس وجہ سے جی۔

(اس مرحلہ پر محکمہ زراعت سے متعلقہ تمام سوالات ڈیفر کر دیئے گئے)

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: اچھا، ٹھیک ہے شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی۔

* 6217 _ <u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں بچوں کی مشقت کے متعلق قانون موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ قانون پر کتنا عملدرآمد ہوا ہے؛
(ii) گلی کوچوں، مستری خانوں میں کام کرنے والے بچوں کے اعداد و شمار کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ہشام انعام اللہ خان (وزیر سماجی بہبود): (الف) ہاں۔

(ب) (i) بچوں کی مشقت کے متعلق Khyber Pakhtunkhwa, Bonded Labor System (Abolition) Act, 2015 موجود ہے۔ اس قانون پر عملدرآمد محکمہ لیبر کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔

(ii) متعلقہ محکمے سے اعداد و شمار لئے جائے۔

محترمہ حمیرا خاتون: جناب سپیکر صاحب، یہ جو مجھے جواب ملا ہے، یہ ابھی اسی وقت انہوں نے لاکر میرے ہاتھ میں دیا ہے۔ یہ جواب ہے، آپ اس کو ذرا دیکھیں اور اس میں میں نے جو مانگا ہے، اس میں نہ کوئی اعداد و شمار انہوں نے دیئے ہیں، نہ کوئی، جواب دینے کا کیا طریقہ ہے؟ مجھے تو اس پہ یہ سوال ہے۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Minister concerned, Hisham Inamullah Sahib.

جناب ہشام انعام اللہ خان (وزیر سماجی بہبود): شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، میں ایک بات کروں ہشام صاحب۔ یہ ہمارے ایم پی ایز کافی دن پہلے رولز کے مطابق اپنے کوسچنز Put کرتے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر سماجی بہبود: جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہر ڈیپارٹمنٹ کی Negligence ہے کہ ان کے جوابات مجھے بھی ابھی ملیں کہ یہاں چیئر پر موجود تھا، اس کا جواب مجھے ملا ہے، تو یہ ڈیپارٹمنٹ کی غفلت ہے، اگر آپ کے ڈیپارٹمنٹس اسی طرح غفلت کرتے رہیں گے تو یہ مشکل ہے کہ بزنس ہوتا رہے۔ تو میں آپ کو یہاں سے ڈائریکشن دیتا ہوں اور چیف سیکرٹری صاحب کو بھی ہدایت کرتا ہوں کہ تمام ڈیپارٹمنٹس کو سختی سے ہدایت کی جائے کہ جتنے بھی سوالات ہیں، وہ اسمبلی میں دو دن پہلے ہمیں اس کے جوابات ملنے چاہیئے جی۔ تھینک یو جی۔ شروع کریں پھر۔

وزیر سماجی بہبود: جناب سپیکر صاحب، پہلے تو آپ نے جو بات کی ہے یہی Opinion میرا ہے اور اس پہ میں نے ایک انکوائری بھی Conduct کی تھی جس کی رپورٹ بھی آج مجھے ملی ہے اور جیسا کہ ان کو جواب ابھی ملا ہے، مجھے بھی سوال کا جواب آج ہی ملا ہے، میں نے آج ڈیپارٹمنٹ کو Displeasure note

بھیجا ہے کہ At least two days before the session, before the questions/answer session, concerned questions/answer دو دن پہلے ہمارے پاس ہونے چاہئیں۔ تو یہ میری بھی ڈائریکشن ہے فلور آف دی ہاؤس سے And I am very obliged کہ آپ نے بھی یہی ڈائریکشن دی ہے، Hopefully ان شاء اللہ اس کے بعد یہ خیال کریں گے۔ جہاں تک بات ہے حمیرا بی بی کی کہ انہوں نے یہ سوال پوچھا ہے کہ یہ جو بچے ہوتے ہیں، چھوٹے بچے جن سے مشقت کی جاتی ہے اور فورس لیبر آپ کہتے ہیں یا جو بھی آپ کہتے ہیں اور اس کے بارے میں میں یہ کہوں گا کہ ہمارے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے ایک ایکٹ بنایا تھا جس کا نام ہے "Khyber Pakhtunkhwa, Bonded Labor System (Abolition) Act, 2015" لیکن اس کی جو Implementation ہے، وہ لیبر ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہے۔ تو آپ نے Facts and figures کا جو مطالبہ کیا تھا، ان Facts and figures کو Provide کرنے میں آپ کی مدد لیبر ڈیپارٹمنٹ کرے گی، تو Our initiative was to make that, to pass that، پھر ابھی Implementation ان شاء اللہ لیبر ڈیپارٹمنٹ کر رہی ہے اور کرے گی تو On behalf of yourself and myself and I ask them کہ آپ کی جو انفارمیشن ہے، وہ آپ کو Provide کر لیں۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی صاحب! لیبر ڈیپارٹمنٹ میں ایسے آپ کر رہے ہیں کہ کس طرح-----

(مداخلت)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ جی، بیا خبرہ او کړئ، تاسو له موقع درکومه جی، یو منټ دا کومه خبره ده جی، دا کوئسچن چې کوم راغلے دے جی څنګه چې انعام صاحب اووئیل، هشام انعام الله صاحب، نو دا لیبر ډیپارټمنټ به د دې فګرز به ورکوی جی۔ نو Kindly تاسو چې څه Facts and figures دی، هغه میډم ته Provide کړئ جی او په دې Respond کړئ، دا ورکړئ جی۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت)</u>: ټهیک شوه سر، ټهیک شو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی میڈم!

محترمہ حمیرا خاتون: بہت شکریہ سپیکر صاحب،آپ نے میرے سوال کے جو جوابات دیئے ہیں،ان سے میں مطمئن ہو گئی ہوں۔لیبر ڈیپارٹمنٹ سے مجھے توقع ہے کہ ان شاء اللہ وہ مجھے اس کا جواب دے گا لیکن میں یہ پوچھنا چاہ رہی ہوں کہ یہاں پہ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے کوئی سیکرٹری صاحب یا کوئی موجود ہیں؟ یہ جو رولنگ دی جارہی ہے، منسٹر صاحب بھی دے رہے ہیں تو یہاں پر ہمارے گیلری میں ہمارے پاس کون موجود ہے،ذمہ دار کوئی فرد ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شوکت یوسفزئی صاحب!

وزیر محنت وثقافت: مسٹر سپیکر!۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Attendance او گورہ، Attendance راؤڑہ۔

وزیر محنت وثقافت: اس پہ یہ کوئسچن تو ان کو سوشل ویلفئر کو دیا گیا تھا لیکن یہ Basically ہے لیبر ڈیپارٹمنٹ کا اور اس میں کچھ سوشل چیزیں بھی Involve ہیں، وہ میرے خیال سے ہم قانون سازی تو اپنی جگہ لیکن Realistic approach پہ چلنا چاہیئے،اگر ہم اس وقت چلے جائیں بہت سارے اداروں میں،اور Specially جو یہ گاڑیوں کے کارخانے ہیں یا جو کام کرنے والے مستری وغیرہ، مستری خانوں میں آپ چلے جائیں،آپ کو چھوٹے چھوٹے بچے ملیں گے،ان کی سوشل وہ ہے لیکن میں عرض یہ کروں گا جناب سپیکر، کہ اس پہ قانون سازی تو ہو چکی ہے لیکن کوئی ایسا لائحہ عمل بنایا جائے کہ اگر ان بچوں کو بے روزگار کیا جائے تو کیا سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ یا ہمارا کوئی اور ادارہ ان کو سپورٹ دے سکتا ہے یا نہیں دے سکتا، یہ ایک ایسا ایشو ہے آج اگر آپ کہیں تو ہم آج ان کو اٹھالیں اور وہاں سے سارا لیکن اگر ان کے بیک گراؤنڈ پہ آپ چلے جائیں تو پوری کے پوری فیملی کو وہ سپورٹ کر رہے ہیں اور ان کے آگے پیچھے کوئی بھی نہیں ہے تو یہ بھی ایک بہت بڑا ایشو ہے۔یہ کہنے میں تو بڑا آسان ہے کہ ایسے بچوں کی مشقت پہ پابندی لگادیں، ہم آج پابندی لگادیں گے،آج ہم وہاں سے اٹھالیں گے لیکن میں یہ ذاتی طور پر کیونکہ میں خود وہاں جاچکا ہوں، کئی بچوں سے میری باتیں بھی ہوئی ہیں۔یہ ایشو ایسا ہے کہ ہمارے لئے ایک بہت بڑا داغ بنا ہوا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ اس کو ختم کریں لیکن اس کے لئے حکومت کو کوئی ایسی پالیسی بنانی پڑے گی اس سے پہلے کہ ان کو سپورٹ دے پہلے ان فیملی کو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ نے کہا تھا کہ کون موجود ہے، تو نادر خان صاحب وہاں پر موجود ہے، سوشل ویلفیئر کے ایڈیشنل سیکرٹری ہیں، تو انہوں نے بات سن بھی لی ہے اور ان شاء اللہ منسٹر صاحب نے بھی ایشورنس دی ہے کہ آئندہ ایسا کچھ نہیں ہوگا ان شاء اللہ۔ جی میڈم۔

محترمہ حمیرا خاتون: میں نے اس میں، پابندی کی کوئی بات نہیں لکھی گئی بلکہ میں نے اس میں اعداد و شمار مانگے ہیں اور جو قانون سازی ان کے لئے ہوئی ہے ظاہر ہے کہ بچوں کے لئے سٹریٹ کرائم اور بچوں کا ایشو ہے تو نہایت اہم ایشو ہے۔ یہ تو ظاہر ہے ہم سب کو پتہ ہے کہ جو زمینی حقائق ہیں، وہ یہی ہیں کہ اس پہ پابندی کی بات ہم نے نہ کی ہے، نہ ہم کروانا چاہ رہے ہیں لیکن کم از کم ہمارے پاس وہ ڈیٹا تو موجود ہو کہ ہمارے کتنے بچے اس وقت اس کام سے وابسطہ ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ جناب شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر! انہوں نے جو بات کی ہے بالکل صحیح کی ہے، نہ تو لیبر کا کوئی ہمارے پاس ڈیٹا تھا، نہ ہمارے بچوں کی جو مشقت کر رہے ہیں ان کا کوئی ڈیٹا تھا، ابھی ہم نے شروع کر دیا۔ یہ ان کے لئے میں بتانا چاہتا ہوں کہ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کا، بچوں کا ڈیٹا بھی اور لیبر جو ہمارے ساتھ کام کر رہے ہیں پورے خیبر پختونخوا میں، ان کا ڈیٹا ہم اکٹھا کر رہے ہیں، اس کے لئے کمیٹی بھی بن گئی ہے اور کام اس پر جاری ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو جی۔ کوئسچن نمبر 6255، سراج الدین صاحب کا ہے، زراعت سے تھا، یہ ڈیفر ہو گیا ہے جی۔ کوئسچن نمبر 6247، جناب احمد کنڈی صاحب کا ہے، زراعت سے ہے، یہ ڈیفر ہو گیا ہے۔ کوئسچن نمبر 6268، احمد کنڈی صاحب کا ہے، یہ بھی ایگریکلچر سے ہے، ڈیفر ہو گیا ہے۔ کوئسچن نمبر 6274، جناب سراج الدین صاحب، 6274، جناب سراج الدین صاحب، Lapsed۔ کوئسچن نمبر 6347، یہ حافظ عصام الدین صاحب کا یہ بھی ڈیفر ہو گیا ہے۔ دوسرا کوئسچن 6379، یہ بھی جناب حافظ عصام الدین صاحب کا ہے، یہ بھی ڈیفر ہو گیا ہے۔ کوئسچن نمبر 6416، محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، شگفتہ ملک صاحبہ۔ Lapsed۔ کوئسچن نمبر 6430، جناب وقار احمد خان صاحب، 6430، جناب وقار احمد خان صاحب۔

جناب وقار احمد خان: شکریه جناب سپیکر صاحب. کوئسچن خو راغلے دے خو Answer ئې نشته جی او ما خو دا کوئسچن په دې وجه راوړے وو چې زمونږه

فنانس منسټر دلته موجود نشته خو هغه د دې اتهارټی ډیر زیات صفتونه ئې کړی وو جی، نو ما وئیل چې کم از کم چې دومره د صفت وړ اتهارټی ده KPRA چې مونږ ته هم دا پته اولګی چې یره دوئ څومره ریونیو مونږ له راکړې ده دغه کښې خو ډیر په افسوس سره خبره کومه جی چې هغه کوئسچن راغلے دے خو Answer ئې نشته۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زه لاء منسټر صاحب سلطان خان صاحب! تاسو ته هم ډائریکشن درکومه او چیف سیکرټری صاحب ته هم دا دغه کومه چې کوم ډیپارټمنټ سوالات جوابات دوه ورځو کښې نه راؤړی نو د هغه ډیپارټمنت د سیکرټری خلاف د Strict action واخستې شی ځکه چې دا سیشن مونږه Call کوؤ، په دې باندې ډیر اخراجات راځی او بیا ډیپارټمنت هغې کښې غیر سنجیده وی او توجه نه ورکوی زمونږه د ممبرز سوالات ته، نو دا ناقابل برداشت دی۔ آئنده د پاره به داسې که څه اوشو نو بیا به زه چیف سیکرټری صاحب او ټول دلته Call کومه او دا خبره غلطه ده، په دې تاسو سلطان صاحب! تاسو ته او فنانس منسټر ته هم تاسو دا میسج ورکړئ چې د خپل ډیپارټمنټ نه دا معلومات اوکړی چې ولې هغوی دا غفلت کوی جی۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر چیئر کی جانب سے سوالات کے محکمانہ جوابات موصول نہ ہونے اور محکمانہ غفلت کی سدباب کے لئے متعلقہ حکام کو سختی سے ہدایات جاری کی گئیں)

(سوال نمبر 6430، جس کا محکمانہ جواب موصول نہیں ہوا، ضمیمہ پر ملاحظہ ہو)

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 6433، حافظ عصام الدین صاحب، Lapsed۔ کوئسچن نمبر 6438، جناب بلاول آفریدی صاحب۔

* 6438 _ جناب بلاول آفریدی: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے جبہ ڈیم تحصیل جمرود کی تعمیر کی منظوری دی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب ہاں میں ہو تو مذکورہ ڈیم کی کل تخمینہ لاگت کتنی ہے۔ اس میں صوبے کا کتنا فنڈ ہے اور پی سی ون کے مطابق تحصیل جمرود کو کتنی رائلٹی ملے گی؟

جناب لیاقت خان خٹک (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔ صوبائی حکومت نے اس اہم منصوبے کی منظوری دی ہے۔اس سے علاقے کے آبادی کو پینے کے لئے صاف پانی مہیا ہو گا۔

(ب) جی ہاں۔ جبہ ڈیم کی کل تخمینہ لاگت 9906.486 ملین روپے ہے جو کہ Accelerated Implementation Promramme (AIP) کے تحت بنا رہی ہے۔ اس میں جمرود تحصیل کو تقریباً 4.8 ملین گیلن یومیہ (تقریباً 13 کیوسک) پینے کا صاف پانی مہیا کیا جائے گا۔ پی سی ون میں رائلٹی کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ چونکہ یہ پینے کے پانی کا منصوبہ ہے اور محکمہ آبپاشی صرف تعمیر کی حد تک پابند ہے، اس لئے متعلقہ محکمہ بعد میں رائلٹی کے مسئلے کو تمام متعلقہ حصہ داروں کے باہمی مشورے سے دیکھ سکتا ہے۔

جناب بلاول آفریدی: تھینک یو مسٹر سپیکر۔ مسٹر سپیکر، میرا جو سوال ہے، وہ یہ ہے کہ "کیا وزیر اریگیشن ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے جبہ ڈیم تحصیل جمرود کی تعمیر کی منظوری دی ہے"۔ یہ سوال جو ہے میں نے بجٹ سیشن سے پہلے جمع کیا تھا، اس کا جواب تو آچکا ہے، ہم گورنمنٹ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے اس پراجیکٹ کے لئے، اس میگا پراجیکٹ کے لئے One billion روپے بجٹ 2020 میں اور 2021 میں رکھا گئے ہیں لیکن یہاں پہ ایک اور چیز میں انفارمیشن لینا چاہوں گا، وہ یہ ہے کہ یہ کیونکہ میرے Constituency میں آتا ہے تو میں اس کی رائلٹی کے بارے میں پتہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس کی رائلٹی کی جو ڈائریکشن ہے، اس کے حوالے سے اگر ہمیں بتایا جائے کہ اس رائلٹی میں ہمیں کیا کیا چیزیں ملنے والی ہیں اور ساتھ میں میں یہ بھی پتہ کرنا چاہ رہا ہوں کہ اس میگا پراجیکٹ کا ٹائم پیریڈ کتنا ہے اور اس کی جو Costing ہے، How much is exact costing of this Mega Project اور آخر میں میں یہ کہنا چاہوں گا کہ گورنمنٹ کو چاہیئے کہ اس پراجیکٹ پہ جلد از جلد کام شروع کرے اور اس کو کمپلیٹ کرے۔ تھینک یو جی۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister to respond.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): جناب سپیکر، چونکہ یہ پینے کے پانی کے فراہمی کا منصوبہ ہے اور یہ تقریباً 9ہزار906اعشاریہ486 ملین روپے کی لاگت کا منصوبہ ہے اور اس کی جو فنڈنگ ہو رہی ہے، وہ AIP سے ہو رہی ہے جو ایک Accelerated Implementation کا ادارہ ہے، وہاں سے اس کی فنڈنگ ہو رہی ہے۔ چونکہ یہ 4.8 ملین گیلن یومیہ فراہم کرے گا تحصیل جمرود کو، تو یہ بہت بڑا ایشو

تھا وہاں پینے کے پانی کا، یہ اس کا منصوبہ ہے۔ جو رائلٹی کی انہوں نے بات کی، یہ ابھی جو ڈیپارٹمنٹ سے میری بات ہوئی، انہوں کہا کہ اس پر ابھی تک کوئی بات نہیں ہوئی ہے کیونکہ AIP سے اس کی فنڈنگ ہو رہی ہے تو یہ چونکہ پینے کے پانی کا منصوبہ ہے، اس پر آمدن تو کوئی ہے نہیں تو لہذا رائلٹی کا کوئی ایشو نہیں ہے، یہ صرف وہاں کے عوام کو پینے کے لئے پانی فراہم کیا جارہا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بلاول آفریدی صاحب۔

<u>جناب بلاول آفریدی</u>: میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ منسٹر صاحب نے بڑی اچھی بات کی، شکریہ آپ کا۔ میں صرف یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ رائلٹی جو ہے کیونکہ یہ میگا پراجیکٹ ہے اور میگا پراجیکٹ کے لئے جو ہے، اس میں Seventy percent جو ہے اس کا پانی خیبر پختونخوا کو جائے گا تو رائلٹی کے حوالے سے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ میگا پراجیکٹ پر کام شروع کریں اور آپ رائلٹی کا ہمیں نہ بتائیں تو یہ تو بڑی زیادتی ہے۔ میں اپنے عوام کو کیا بولوں گا، میں عوام کو کیا بتاؤں گا کہ ہم جو ہیں Seventy percent جو ہے واٹر سپلائی کریں خیبر پختونخوا گورنمنٹ کو اور ہمیں کوئی رائلٹی کے لئے کوئی پلان ہی نہیں ہے، کوئی سٹریٹیجی نہیں ہے، This is not fair at all، تو Kindly اگر مجھے کمپلیٹ اور Exact information مل جائے رائلٹی کے حوالے سے تو آپ کی مہربانی ہو گی۔ تھینک یو جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی، شوکت یوسفزئی۔

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: جناب سپیکر، جو منصوبہ اس وقت دیا گیا پیپر کے اوپر، یہ ہے تحصیل جمرود اور 4.8 ملین Per day وہاں فراہم ہو گا تحصیل جمرود کو تو اگر یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ باقی صوبے کے لئے بھی ہے تو وہ تو انہوں نے کہا کہ اس پہ بعد میں بات ہو سکتی ہے، یہ تو ایم پی اے منتخب ہیں، ممبر ہی جائیں وہاں بیٹھیں ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ، ہم ان کی Help کر سکتے ہیں۔ چونکہ یہ پینے کے پانی کا منصوبہ ہے تو اس میں یہ نہیں کہہ سکتا، چونکہ ڈیپارٹمنٹ نے یہی جواب دیا ہے کہ اس میں کسی قسم کی رائلٹی کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ چونکہ یہ پینے کے پانی کا منصوبہ ہے تو اگر یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے کسی اور جگہ کو بھی سیراب کیا جا سکتا ہے اور اس میں ان کا حق بنتا ہے تو بالکل ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بیٹھیں، ہم ان کی Help کریں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی بلاول۔

<u>جناب بلاول آفریدی</u>: سپیکر صاحب، تھینک یو جی۔ میں تو یہ عرض کرنا چاہوں گا کیونکہ جو 'کنسرنڈ' منسٹر صاحب یہاں پہ ہے ہی نہیں ایریگیشن کے، اگر وہ ہوتے تو شاید مجھے وہ مطمئن کرتے کیونکہ میں ابھی بھی

مطمئن نہیں ہوں، معذرت کے ساتھ کیونکہ جو Ground reality ہے، وہ یہی ہے کہ آپ جب کوئی ایک میگا پراجیکٹ کرتے ہیں تو پھر جو ہے 'کنسرنڈ' گورنمنٹ کی ذمہ داری ہوتی ہے، 'کنسرنڈ' منسٹر کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ ہمیں کمپلیٹ اور Exact information provide کرے، ڈیپارٹمنٹ کی ذمہ داری بالکل ہے، ڈیپارٹمنٹ تو میرے ماتحت نہیں ہے، منسٹرز صاحبان یہاں پہ بیٹھے ہیں، میں ان سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ جو میرا سوال ہے، وہ رائلٹی کے بارے میں ہے، رائلٹی کے حوالے سے میں ان کو یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اگر آپ ڈیپارٹمنٹ کو بولیں، وہ مجھے انفارم کرے تو مہربانی ہوگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، یہ اس طرح ہے کہ یہ کوئی فیصلہ ہونے نہیں جارہا ہے، انہوں نے جو کوسچن کیا ہے، اس کا جواب ان کو ملا ہے، یہ مطمئن نہیں ہیں، میں ان کو Again کہنا چاہتا ہوں، ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ، انہوں نے کہا ہے کہ رائلٹی ملے گی، انہوں نے کہا نہیں ملے گی۔ اب یہ جو ہے ناب یہاں مجھ سے کہتے ہیں کہ 'کنسرنڈ' منسٹر بھی ہوتا تو کیا وہ فیصلہ دیتا کہ اچھا میں آپ کو دے رہا ہوں۔ یہ بہتر یہ ہے کہ آپ آکر بیٹھ جائیں ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اور جو بھی آپ کے پاس دلائل ہیں آپ دے دیں ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے، اگر آپ کی رائلٹی بنتی ہے تو ان شاء اللہ آپ کو ملے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بلاول آفریدی صاحب!

جناب بلاول آفریدی: مسٹر سپیکر صاحب! میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اگر آپ مجھے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ بٹھائیں اور ان کو آپ اپنی گائیڈ لائنز بتائیں، وہ مجھے اپنی گائیڈ لائنز بتائیں تو بس بات ہی ختم ہو جائے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بلاول آفریدی صاحب! آپ اور ڈیپارٹمنٹ شوکت یوسفزئی صاحب کی نگرانی میں بیٹھیں اور آپ کے جو خدشات ہیں، وہ دور کریں گے ان شاء اللہ۔ تھینک یو۔ کوسچن نمبر 6455، محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ، Lapsed۔ کوسچن نمبر 6449، محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ، Lapsed۔

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

6274 _ جناب سراج الدین خان: کیا وزیر زکواۃ وعشر ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) سال 20-2019 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ عمل میں محکمہ کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی تھی، اس کی ضلع وار مالیت کیا تھی؛

(ب) سال 2019-20 کے سالانہ ترقیاتی عمل میں محکمہ کے لئے اے ڈی پی میں مختص شدہ فنڈز سے کتنی رقم ریلیز ہوئی اور اس میں کتنی رقم خرچ ہوئی اور کتنی Lapse ہوئی، ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے، نیز رواں مالی سال 2020-21 کے سالانہ ترقیاتی عمل اے ڈی پی میں محکمہ کے لئے مختص رقوم کی بھی ضلع وار مالیت کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی نہیں۔ مالی سال 2019-20 کے دوران محکمہ زکواۃ وعشر کے لئے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت کوئی بھی رقم مختص نہیں ہوئی تھی۔

(ب) اسی طرح مالی سال 2020-21 کے دوران بھی زکواۃ وعشر کے لئے سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت کوئی رقم مختص نہیں ہوئی ہے؟

6416 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبے میں خیبر پختونخوا کمیشن آن دی سٹیٹس آف وومن میں کتنی شکایات موصول ہوئی ہیں اور کتنے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے، نیز ان شکایات کا سد باب کس طرح کیا گیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ہشام انعام اللہ خان (وزیر سماجی بہبود): (جواب ندارد)۔

6433 _ حافظ عصام الدین: کیا وزیر برائے سوشل ویلفیئر ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع جنوبی وزیرستان کا حلقہ PK-113 تحصیل لدھا، شوال، شکتوئی، داروغہ اور سروکی پر مشتمل ہے، اس حلقہ میں مختلف این جی اوز صحت کے شعبہ میں کام کر رہی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان این جی اوز کے نام اور پتے فراہم کریں، نیز ان میں کام کرنے والے افراد کے نام اور ڈومیسائل فراہم کریں اور یہ بھی بتایا جائے کہ سال 2017 سے لے کر اب تک کتنے مقامی اور کتنے غیر مقامی افراد شامل ہیں؟

جناب ہشام انعام اللہ خان (وزیر سماجی بہبود): (الف) حلقہ PK-113 میں صحت کے شعبہ میں دو این جی اوز کام کر رہی ہے جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

| S. No. | Name of NGO |
|---|---|
| 01 | EHSAR Foundation |
| 02 | Prime Foundation |

(ب) ان دونوں این جی اوز کے مرکزی دفاتر پشاور میں واقع ہیں جبکہ متعلقہ پراجیکٹ کے دفاتر ڈی آئی خان اور ٹانک میں موجود ہیں۔ان دونوں تنظیموں میں EHSAR Foundation سوشل ویلفیئر ضم شدہ علاقہ جات کے ساتھ رجسٹرڈ ہے جبکہ Prime Foundation اس ڈائریکٹوریٹ کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہے۔ EHSAR Foundation کے موجودہ ملازمین کی لسٹ درج ذیل ہے جو کہ کل 32 پوسٹیں ہیں جن میں سے 18 مقامی سٹاف کام کر رہے ہیں۔دونوں تنظیموں کی رپورٹ متعلقہ ڈی سی اور ڈی ایچ او کو باقاعدگی سے کی جاتی ہے۔

**Staff List of PHC Project-SWTD**

Project Title: Continuation access to life saving Primary Health Care Services to the returned population of South Waziristan Tribal District in KP

| S. # | Name | Designation | Domicile |
|---|---|---|---|
| 01 | Asghar khan | Project Manager | Mohmand |
| 02 | Naveed Jan | M&E Officer | Charsadda |
| 03 | Muhammad Shahid | HMIS Officer | Peshawar |
| 04 | Fazal Rehaman | Medical Officer | SWTD |
| 05 | Zahid Bakhtiar | Medical Officer | SWTD |
| 06 | Naveed Ullah | Medical Officer | Laki Marwat |
| 07 | Muhammad Shoaib | Medical Officer | NWTD |
| 08 | Ayeda Khwaja | Female Psychologist | Peshawar |
| 09 | Sadam Hussain | Pharmacist | SWTD |
| 10 | Shafi Ullah | Pharmacist | SWTD |
| 11 | Iqbal Khan | Pharmacist | SWTD |
| 12 | Muhammad Umar | Pharmacist | SWTD |
| 13 | Ajmal Shah | Medical Technician | Charsadda |
| 14 | Shafi Ullah | Medical Technician | SWTD |
| 15 | Nizam-ud-Din | Medical Tehnnician | SWTD |
| 16 | Sumera Ihsan | Lady Health Visitor | Charsadda |
| 17 | Madiha Rehman | Lady Health Visitor | D.I.K |
| 18 | Angina | Lady Health Visitor | SWTD |
| 19 | Shakira Naz | Lady Health Visitor | Chitral |
| 20 | Muhammad Khalil | Health Edu/Hygiene Promoter | SWTD |
| 21 | Nasir Ali Shah | Health Edu/Hygiene Promoter | Mardan |
| 22 | Arabistan | Health Edu/Hygiene Promoter | Charsadda |
| 23 | Riaz Umar | Health Edu/Hygiene Promoter | SWTD |
| 24 | Tasmeena Bibi | Female Health Edu/Hygiene Promoter | SWTD |
| 25 | Muhammad Zahir Shah | Admin & Logistic Assistant | Mohmand |
| 26 | Said Alam | Security Guard | SWTD |
| 27 | Haibat Ullah | Security Guard | SWTD |
| 28 | Noor Ali | Security Guard | SWTD |
| 29 | Gul Wali | Security Guard | SWTD |
| 30 | Allah Noor | Security Guard | SWTD |
| 31 | Azimullah | Security Guard | SWTD |
| 32 | Muhammad Nasir | Office Boy cum Cook | Bennu |

6455 _ <u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: کیاوزیرامداد، بحالی وآبادکاری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبے میں دسمبر 2019 سے مارچ 2020 کے دوران ریسکیو 1122 میں مختلف کیٹگریز کی پوسٹوں پر تعیناتیاں کی ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتیوں میں گھپلے ہوئے ہیں اور من پسند و سفارشی لوگوں کو تعینات کیا گیا ہیں؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ بھرتیوں میں معذوروں کا کوٹہ مختص کیا گیا ہے:

(د) اگر (الف) تا (ج) کی جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) محکمہ ریسکیو 1122 میں بھرتی کے لئے کتنے لوگوں نے درخواستیں دی ہیں، مکمل لسٹ ضلع وائز فراہم کی جائے؛

(ii) کس ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعے امتحان لیا گیا اور امتحان میں پاس ہونے والے افراد کی مکمل میرٹ لسٹ ضلع وائز فراہم کی جائے؛

(iii) تمام پوسٹوں پر بھرتی شدہ افراد اور معذور افراد کے کوٹہ پر بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت، پتہ، ڈومیسائل، تعلیمی کوائف، ٹیسٹنگ ایجنسی سے حاصل کردہ نمبر اور جس سکیل پر بھرتی کئے گئے ہیں، کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمد اقبال خان (وزیر امداد و بحالی)</u>: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔ مذکورہ بھرتیوں میں نہ ہی کوئی گھپلے ہوئے ہیں اور نہ ہی کسی من پسند و سفارشی لوگوں کو تعینات کیا گیا ہیں بلکہ تمام بھرتی میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر کی گئی ہے۔

(ج) جی ہاں۔

(د) مذکورہ بالا سوالات میں (الف) اور (ج) کے جوابات اثبات میں ہیں اور (ب) کا جواب منفی میں ہے۔

(i) محکمہ ریسکیو 1122 میں بھرتی ہونے کے لئے جن لوگوں نے درخواستیں دی تھیں، ان کی ضلع وائز لسٹ منسلک ہے۔ (Annex-I ایوان کو مہیا کی گئی)

(ii) پاکستان ٹیسٹنگ سروس (PTS) کے ذریعے امتحان لیا گیا اور امتحان میں پاس ہونے والے افراد کی مکمل میرٹ لسٹ ضلع وائز منسلک ہیں۔ (Annex-II ایوان کو مہیا کی گئی)

(iii) تمام پوسٹوں اور معذور افراد کے کوٹہ پر بھرتی شدہ افراد کے نام، ولدیت، پتہ، ڈومیسائل، تعلیمی کوائف، ٹیسٹنگ ایجنسی سے حاصل کردہ نمبر اور جس سکیل پر بھرتی ہوئے ہیں، ان کی تفصیل ضلع وائز منسلک ہے۔(Annex-III ایوان کو مہیا کی گئی)

6449 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) خیبر پختونخوا میں خواجہ سراؤں کی کل تعداد کتنی ہے، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) کیا خواجہ سراؤں کی رجسٹریشن کا کوئی واضح طریقہ کار موجود ہے، اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ہشام انعام اللہ خان (وزیر برائے سماجی بہبود): (جواب ندارد)۔

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ کچھ Leave applications ہیں۔ جناب پیر مصور خان صاحب، 3 اگست؛ محب اللہ خان صاحب، 3 اگست؛ سید احمد حسین شاہ صاحب، 3 اگست؛ محمد اقبال وزیر صاحب، 3 اگست؛ وزیر زادہ صاحب، 3 اگست؛ ڈاکٹر امجد علی، 3 اگست؛ محمد ظاہر شاہ طورو، 3 تا 7 اگست؛ انور حیات خان صاحب، 3 تا 7 اگست؛ فیصل امین گنڈاپور صاحب، 3 تا 7 اگست؛ شفیق شیر آفریدی صاحب، 3 اگست؛ سراج الدین صاحب، 3 اگست تا اختتام اجلاس؛ تیمور سلیم جھگڑا صاحب، 3 اگست؛ سمیہ بی بی صاحبہ، 3 اگست؛ عنایت اللہ خان صاحب، 3 اگست؛ شرافت علی صاحب، 3 اگست؛ بابر سلیم خان صاحب، 3 اگست؛ نوابزادہ صلاح الدین صاحب، 3 اگست؛ محمد زبیر خان صاحب، 3 اگست؛ محمد نعیم خان صاحب، 3 اگست؛ محترمہ ماریہ فاطمہ صاحبہ، 3 اگست؛ محترمہ مومنہ باسط صاحبہ، 3 اگست؛ شاہ داد خان صاحب، 3 اگست؛ سردار محمد یوسف زمان صاحب، 3 اگست؛ محترمہ ہارون ثمر بلور صاحبہ، 3 اگست؛ محترمہ رابعہ بصری صاحبہ، 3 اگست؛ محمود احمد خان صاحب، 3 اگست؛ مفتی عبید الرحمان صاحب، 3 اگست؛ محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، 3 اگست؛ عارف احمد زئی صاحب، 3 اگست؛ حافظ عصام الدین صاحب، 3 اگست؛ شکیل بشیر ایم پی اے صاحب، 3 اگست:

Is it the desire of the House that leave may be granted.

(اس مرحلہ پر کوئی ریسپانس موصول نہیں ہوا)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ سو رہے ہیں میں نے آپ سے پوچھا ہے کچھ؟

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

(Interruption)

جناب ڈپٹی سپیکر: یو منټ جی، دا ایجنډا اوګرمه جی بیا به پوائنټ آف آرډر واخلو جی۔ ایجنډا به واخلو جی۔

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 07, 'Call Attention Notices': Miss Rehana Ismail MPA, to please move her call attention notice No. 1149. Rehana Ismail Sahiba.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ میں وزیر برائے محکمہ زراعت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ ضلع پشاور اور گرد و نواح کے علاقوں میں موسمی سبزی اور فروٹ کے باغات کو سیراب کرنے کے لئے جو نہریں اور ندی نالیوں کا پانی استعمال ہوتا ہے، وہ انتہائی آلودہ اور مضر صحت ہے۔ اسی مسئلے کو مسلسل علاقائی اخباروں کے ذریعے اجاگر کیا گیا اور ساتھ ہی مختلف لیبارٹریوں کی رپورٹ میں واضح کیا کہ صوبہ کے بیشتر شہروں خصوصاً پشاور شہر میں سبزیاں نوے فیصد آلودہ اور مضر صحت ہیں۔ لہذا حکومت اس مسئلے کا فوری حل نکالا جائے۔

جناب سپیکر، صحت کے لئے سبزیوں کا استعمال کہا جاتا ہے کہ مفید ہے گوشت اور چکن سے زیادہ لیکن اگر سبزیاں بھی مضر صحت ہوں اور سبزیوں کے لئے صاف پانی میسر نہ ہو تو پھر ہم کیا کھائیں گے۔ یہ زیادہ تر پانی جو ہے گندے نالیوں کا استعمال ہوتا ہے، ایری گیشن (ڈیپارٹمنٹ) کو چاہیئے کہ اس کے لئے مناسب ٹیوب ویل وغیرہ کا انتظام کیا جائے بلکہ باقاعدہ سروے کرایا جائے کہ کتنی فیصد سبزیاں گندے پانی سے سیراب ہوتی ہیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister to respond, please.

کون Respond کرے گا؟

جناب ہشام انعام اللہ خان (وزیر سماجی بہبود): جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ہشام انعام اللہ صاحب۔

وزیر سماجی بہبود: جناب سپیکر صاحب، یہ انہوں نے جو یہ Point raise کیا ہے، This is a concerned for all of us. The hon'ble Chief Minister is very concerned about it and the Agriculture Minister has been very concerned۔ اس میں انہوں نے یہ کیا ہے کہ Through different water testing labs

انہوں نے Different samples لئے ہیں چھ ڈسٹرکٹس کے جن میں پشاور بھی ایک ڈسٹرکٹ ہے اور ان کی ٹیسٹنگ ہوئی ہے پانی کا اور جہاں پہ ان کو لگا ہے کہ یہ پانی ٹھیک نہیں ہے For agricultural purposes, irrigation purposes، اس پہ ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ نے ایک بڑی جامع پالیسی بنائی ہے اور اس میں نہ صرف ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ Involve ہے بلکہ In line departments ہیں جیسے ایری گیشن ڈیپارٹمنٹ ہے، لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ ہے اور 'کنسرنڈ' ڈپٹی کمشنرز اور کمشنرز ہیں۔ ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز میں بھی انہوں نے وہ پالیسی ان کے ساتھ شیئر کی ہے And including health department، تو اس میں یہ پالیسی ابھی Implement کرنے میں ان سب In-line departments کی ایک Joint strategy ہو گی جس پہ یہ کام کر رہے ہیں۔ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے میں آپ کو بتاؤں کہ اس میں جو Incinerators پہلے ہمارے پاس موجود تھے، اس Waste Management System کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے تاکہ Environmental pollution بھی اس سے نہ ہو، اس کے ایسے Incinerators کو لے کر آ رہے ہیں جس کی End project، جو End waste product جو آخر میں آئیں They are not harmful to the water sources and ultimately to the vegetables and fruits that are basically cultivated in our part of the Province، تو اس پہ یہ کام کر رہے ہیں، اس کی جو Strategy ہے، وہ بھی میں وزیر زراعت جو ہیں ان سے میں یہ ریکویسٹ کروں گا کہ اس کی ایک کاپی فراہم کی جائے کہ کیا Strategy in-line departments کی ہے۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ریحانہ اسماعیل صاحبہ! مطمئن ہیں آپ جی؟

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: جی بس فی الفور اس پہ اگر عمل ہو جائے کیونکہ صرف مجھے مطمئن نہیں کرنا کہ سب کو نظر آئے کہ صاف سبزیاں میسر ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ٹھیک ٹھیک، تھینک یو جی۔ Ms: Madiha Nisar MPA, to please move her call attention notice No. 1185. Madiha Nisar.

<u>محترمہ مدیحہ نثار</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ میں وزیر برائے محکمہ محنت وافرادی قوت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ ہے کہ حکومت نے صنعتی محنت کشوں کے بچوں کو تعلیم و صحت کی بنیادی سہولیات دینے کے لئے تمام صوبوں میں ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ادارے قائم کئے ہیں، اس

بورڈ کے تحت کے پی میں 48 ورکنگ فوکس سکولز کام کر رہے ہیں لیکن 2011 سے اس کے ملازمین مندرجہ ذیل مسائل کا شکار ہیں:

1۔ 2011 سے کنٹریکٹ پر کام کرنے والے اساتذہ تاحال مستقلی سے محروم ہیں۔

2۔ سروس سٹرکچر اور جاب سیکورٹی بھی نہیں ہے۔

3۔ ملازمین کو تنخواہوں کی بروقت ادائیگی نہیں ہوتی۔ لہذا حکومت ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ملازمین کے مسائل کا فوری تدارک کرے تاکہ یہ ملازمین اپنے فرائض بہتر طور پر سرانجام دے سکیں۔

سپیکر صاحب! میں ایک دو باتیں اور Add کرنا چاہونگی کہ ان ملازمین کی سی پی فنڈ کو جی پی فنڈ میں تبدیل کیا جائے اور تمام سٹاف کا ڈیٹا کمپیوٹرائز کیا جائے اور ابھی بھی مختلف ورکنگ فوکس سکولز میں بہت سے Vacant posts ہیں، میں اپنے ضلع کی بات کروں ڈی آئی خان کی، وہاں پر بھی فیمیل کی بہت سی Vacant posts ہیں، نورنگ میں ہیں، کوہاٹ میں ہیں اور پچھلے سال ڈی آئی خان بورڈ میں اس سکول کے دو بچیوں نے پوزیشن لی تھی، یہ بچیاں مزدوروں اور محنت کشوں کی بچیاں ہیں، ان کے لئے کوئی Incentive یا ان کی حوصلہ افزائی کے لئے حکومت کوئی اقدامات کریں۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت)</u>: جناب سپیکر، انہوں نے جو بات کی ہے، بالکل جو مزدور طبقہ ہے، ہمارے صوبے کا، ان کے بچوں کے لئے سکولز قائم کئے گئے تھے اور تقریباً کوئی 48 ہیں پورے صوبے کے اندر، جہاں کالونیز ہیں، لیبر کالونیز ہیں، بچوں کے لئے فری ایجوکیشن دے رہے ہیں، اب بدقسمتی یہ ہوئی ہے جناب سپیکر، کہ اس میں اتنی زیادہ بھرتیاں ہوئی ہیں اور Irrelevant بھرتیاں ہوئی ہیں جس کی وجہ سے یہ سارا کیس چلا گیا ہے کورٹ کے اندر، ابھی یہ کیس کورٹ کے اندر ہے، نہ ان میں نئی بھرتیاں ہو سکتی ہیں، نہ اس کا کوئی Incentive دے سکتے ہیں۔ تو یہ بڑا عجیب سا وہ ہے، کافی عرصہ اس میں لگ گیا ہے، ابھی یہ کیس سپریم کورٹ میں چلا گیا ہے لیکن بہر حال میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ بہت اچھے سکولز تھے، بہت اچھی کوالٹی ایجوکیشن دے رہے تھے لیکن بدقسمتی سے ایسے اساتذہ یا ایسے لوگوں کو بھرتی کیا گیا کہ جس پر بعد میں اعتراض ہوا، Formalities پوری نہیں ہوئی، Irrelevant لوگوں کو بے تحاشہ بھرتی ہوئی جس سے بوجھ پڑا اور اب صورتحال یہ ہے کہ جو دوسرے صوبے ہیں، پنجاب ہے، سندھ ہے، وہ اب سوچ رہے ہیں کہ ہم اپنا ویلفیئر فنڈ الگ کر دیں، اس پہ ہمارا جو اس پر جھگڑا

چل رہاہے اور ہم ریکویسٹ کر رہے ہیں وفاق سے کہ یہ نہ کریں کیونکہ یہ 1971 کے ایکٹ کے تحت ویلفیئر فنڈ بنا تھا اور اس میں چاروں صوبوں کا جو مزدور طبقہ ہے، ان کو برابر حقوق دیئے جانے تھے لیکن اب چونکہ یہاں پر تو پہلے سے بہت برا حال ہے، کیونکہ ہمارے پاس اتنی صنعتیں نہیں ہیں کہ ہم اس سے کہیں کہ جی ہم اپنا بھی ویلفیئر بورڈ بنالیں، تو اس لئے ہمارا اس وقت جو جھگڑا چل رہاہے، وہ یہ ہے کہ Welafre dissolve نہ ہو کیونکہ اگر یہ Dissolve ہوا تو پھر یہ صوبہ بری طرح متاثر ہوگا، چونکہ اتنی بھرتیاں ہوئی ہیں، اتنے زیادہ اخراجات کئے ہیں کہ 7.5 بلین روپے سالانہ اس کا خرچہ آرہاہے۔ تو جناب سپیکر! یہ بہت بڑا ایشو ہے، اس کو ان شاء اللہ کبھی کسی وقت بیٹھیں گے لیکن میں اپنی بہن کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم چاہتے ہیں کہ مزدوروں کو تنخواہیں بروقت ادا کی جائیں، کنٹریکٹ سے ان کو مستقل کریں لیکن کیس اس وقت سپریم کورٹ کے اندر ہے جیسے یہ Decide ہوتا ہے، اس کے بعد ان شاء اللہ فیصلہ کریں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی صاحب! جس طرح آپ نے کہا ہے اور میڈم کو میرے خیال سے جواب مل گیا ہوگا کیونکہ کال اٹنشن نوٹس تھا، یہ کیس کورٹ میں ہے تو جب کیس کورٹ میں ہے تو اس پر ہم مزید بات نہیں کر سکتے، جب کورٹ کا Decision آئے گا تو اس کے بعد اس پر بات کی جائے گی۔ تھینک یو۔

## خیبر پختونخوا اربن ایریاز ڈیویلپمنٹ اتھارٹیز آرڈیننس مجریہ 2020 کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Item No. 08. Mr. Kamran Bangash, Special Assistant to the hounourable Chief Minister, to please lay on the table of the House the Khyber Pakhtunkhwa, Urban Areas Development Authorities Ordinance, 2020. Kamran Bangash.

<u>Mr. Kamran Khan Bangash {Special Assistant (Local Government & Information)</u>: Mr. Speaker, I request to lay, sorry, Mr. Speaker, on behalf of Chief Minister I request to lay the Khyber Pakhtunkhwa, Urban Areas Development Authorities Ordinance, 2020 in the House.

## نکتہ اعتراض

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: سر، اس پر بات کرنی ہے، یہ سپیشل اسسٹنٹ کا کام نہیں ہے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: ہمیں بریف کیا جائے۔

جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون): جناب عالیٰ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب Respond کر رہے ہیں۔

وزیر قانون: سپیکر صاحب! میں تھوڑا دو تین جملوں میں بیان کر دیتا ہوں۔ سر، اس پوائنٹ کے اوپر تقریباً ہر دفعہ جب یہاں کوئی سپیشل اسسٹنٹ صاحب ٹو دی چیف منسٹر یا ایڈوائزر ٹو چیف منسٹر اٹھتے ہیں تو اس پوائنٹ کے اوپر ہمیشہ بات ہوتی ہے اور میرے خیال میں سر، Once and for all clear بھی ہونا چاہیئے، وہاں سے جو Legal arguments آتی ہیں تو وہاں سے لیگل (مداخلت) یہ کوئی طریقہ، یہ اسمبلی ہے یا یہ Fish Market ہے مجھے بتادیں؟ تو پھر اس طرح میں بھی چیخوں گا چلاؤں گا، آپ بھی چیخیں چلائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Continue کریں، آپ Continue پھر میں اس کو۔۔۔۔۔

وزیر قانون: سر، نہیں مجھے تھوڑا سا خفگی اس لئے ہوتی ہے، ہمارے آنریبل ممبر ہیں اور Lawyer بھی ہیں، Legal knowing person بھی ہیں تو اگر کوئی اور ممبر اس طرح کر دیں تو اتنا نہیں ہو گا بہر حال سر، میں کوشش کروں گا کہ جس طرح اسمبلی کا ایک ڈیکورم ہوتا ہے کہ ایک ممبر اپنی بات کمپلیٹ کر لیں، یہاں سے کوئی بھاگ ہم نہیں رہے ہیں، دوسرا ممبر اپنی بات پھر کر سکتا ہے۔ اس میں دو چیزیں ایسی ہیں کہ جس کے اوپر آپ نے بھی اپنا ایک Opinion دینا ہے، رولنگ بھی میرے خیال میں جب سپیکر صاحب بیٹھیں گے تو ایک رولنگ بھی اس کے اوپر ہونی چاہیئے میرا اپنا ذاتی Opinion بھی یہی ہے۔ میں نے اسمبلی سیکرٹریٹ کے ساتھ بھی ڈسکس کیا ہے، اس میں سر، جو ایکٹ ہے جہاں پر سپیشل اسسٹنٹ کا یا ایڈوائزرز کے لینے کا، ایڈوائزرز تو Mention ہیں، سپیشل اسسٹنٹ کا یہ ہے سر، کہ یہاں بہت ساری رولنگ اس اسمبلی کی موجود ہیں جو بار بار۔۔۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو خبرہ او کړئ، تاسو به هم خبره او کړئ۔

وزیر قانون: سر! مجھے پتہ نہیں ہے خوشدل خان صاحب کیوں اتنا بے حوصلہ ہو جاتے ہیں، ہم ادھر ہی بیٹھے ہیں، ادھر ہی آپ جواب دے دیں۔ خدا کے واسطے آپ آرام سے بیٹھیں مجھے بات کرنے دیں۔ آپ کی بات سنیں گے، آپ کو جواب دے دیں گے، آپ کو جواب دے دیں گے۔

(قطع کلامیاں)

Mr. Deputy Speaker: No cross talk, no cross talk-----

(Pandemonium)

Mr. Deputy Speaker: House in order, House in order.

(Pandemonium)

جناب ڈپٹی سپیکر: Cross talk نہ کریں۔

وزیر قانون: یہ کوئی طریقہ تو نہیں ہے کہ دوسری کی بات، نہ ہم بھاگ رہے ہیں نہ آپ، اگر آپ کا ضروری کام ہے پہلے پھر آپ بات کر لیں۔ اگر آپ کو کہیں پر جانا ہے نہیں، اگر نہیں جانا ہے تو آرام سے بیٹھ جائیں میری بات سن لیں، آرام سے آپ کی بھی بات سن لیں گے۔ جناب سپیکر، میں آخری بات یہ ضرور کہوں گا کہ یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے، میں نے ابھی جملہ کوئی کمپلیٹ کیا نہیں ہوتا اور پتہ نہیں اگر کوئی ضروری کام ہے، ادھر اگر اس اسمبلی سے زیادہ اگر کوئی ضروری کام ہے اس کو وہ بے شک چلے جائیں۔ اگر ان کو انٹرسٹ نہیں ہے، ان کے ٹائم نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب! آپ Continue کریں۔ سلطان صاحب! آپ Continue کریں۔

وزیر قانون: چونکہ سر، اس ہاؤس کی کچھ Traditions بھی ہیں، اس ہاؤس کی کچھ روایات بھی ہیں اور بار بار اس کے اوپر رولنگ بھی آچکی ہیں اس ہاؤس کے اندر، پھر سے اس کے اوپر Opinion بھی آچکی ہیں یہ مسئلہ پہلے بھی اٹھ چکا ہے، قانون بھی اس کا موجود ہے۔ اس کے علاوہ اس ہاؤس کی Tradition اور اس ہاؤس کی روایات، یہ ہاؤس روایات سے بھی چلتی ہے جناب سپیکر، اور بہت سی جگہوں پر اسی اپوزیشن نے ان روایات کا حوالہ بھی دیا ہے اور یہ اس ہاؤس کی روایات تھی، اتنی ہی مقدم ہے، اتنی ہی مقدس ہے جتنا کہ اس ہاؤس کی اور روایات اگر مقدس ہیں تو یہ روایت بھی مقدس ہے اور بلکہ اگر آپ یہ Rule پڑھ لیں تو اس میں تو سر، میں ابھی Rule کی طرف وہ کہتے ہیں، Rule آپ Quote کریں تو اس کے اوپر تو سر، بہت زیادہ کلیئر اس آئین کے اندر اور ان Rules کے اندر بہت Clearly، سپیشل اسسٹنٹ تو چھوڑیں سر، یا ایڈوائزر تو چھوڑیں، اس کے اندر گورنمنٹ کی طرف سے کوئی بھی ممبر جواب دے سکتا ہے، یہ بھی اس کے اندر Mention ہے، وہ والا Rule اور وہ والے قوانین میں نے خوشدل خان صاحب کو دکھا دیں-----

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان! Cross talk نہیں، Cross talk نہ کریں، وہ بات کر لیں پھر آپ کو میں موقع دے دیتا ہوں، آپ Cross talk نہ کریں۔ وہ بات کر لیں آپ برداشت کریں، جس طرح وہ آپ کی باتیں سنتے ہیں، آپ بھی برداشت کریں، تھوڑا سا حوصلہ کریں جی۔ جی سلطان خان صاحب!

وزیر قانون: میں بالکل دونوں جو آئین میں References ہیں، جو ان Rules کے اندر References ہیں، وہ میں In writing ادھر ان کو دے دوں گا، یہ میری مرضی ہے، میں آپ کو بتاتا ہی نہیں ہوں، یہ کوئی طریقہ تو نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Cross talk نہ کریں، Cross talk نہ کریں۔

وزیر قانون: یہ کوئی ادھر کوئی جج تو نہیں بیٹھے ہیں کہ وہ بتائیں، جلدی یہ بتائیں، یہ کیا طریقہ ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب! آپ بات جاری کریں۔

وزیر قانون: میں ان کو Existing جو Rule ہے وہ دے دوں گا، ابھی دیتا ہوں، ابھی دیتا ہوں، ابھی بتاتا ہوں، ان کو وہ بھی میں دے دوں گا اور آپ کی توجہ سر، ہاؤس کی توجہ اس طرف میں ایک مرتبہ پھر، یہ پہلے بھی ہوتا رہا ہے، اس ہاؤس کی Traditions ہیں، اس ہاؤس کی روایات بھی ہیں جب آپ کے پسند کی روایات سامنے آ جاتی ہیں تب آپ کہتے ہیں، اس ہاؤس کی جو روایات ہیں، اس ہاؤس کی روایات مقدم ہیں، اس ہاؤس کی روایات مقدس ہیں لیکن آپ کے مرضی کے خلاف جو روایات ہیں تو وہ پھر آپ کے لئے نہ مقدس ہیں اور نہ مقدم ہیں تو سر، اس طرح نہیں ہو گا بلکہ وہ میں Rule بھیج دیتا ہوں جو Rule No. ہے جو اس کے اندر لکھا ہوا ہے، میں In writing ابھی بھیجتا ہوں اور سر، ضرور آپ اس کے اوپر بھی رولنگ دیں کہ اس ہاؤس کی کچھ روایات بھی ہیں اور یہ روایات بھی Force رکھتی ہے اور بار بار اس کے اوپر رولنگ بھی آئے ہیں سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب! موقع دے رہا ہوں، آپ کے Colleague ہیں، آپ کا آپس میں اتفاق نہیں ہے تو میں کیا کروں گا۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ سپیکر صاحب، ستا ډیره مننه، ډیره مهربانی۔ اول خو زه د خپل طرف نه ټول معزز ممبرانو ته او تاسو ته د اختر مبارکی وایم چې ډیر ښه اختر تیر شو، الله د دا سې خوشحالئ په مونږه باندې بیا روالی۔ سپیکر صاحب، افسوس دا دے چې دلته زمونږه هر یو خبره، دا معزز

ممبران د رولنگ پارټئ غلط مطلب ورنه اخلی، زما د دې سره هيڅ څه کار نشته خو دا زما يو ډيوټی ده، اخلاقی فرض دے او آئينی فرض هم دے چې کم ازکم زه دا هاؤس او تاسو Assist کړم۔ زه به چرې هم داسې، ما مخکښې هم دا وئيلی دی، زه هم په دغه کرسئ باندې پاتې شوے يم، هم دغه چې تاسو Present کوئ۔ ګوره دا کتاب ما سره دے، Rules دی دا، ستاسو سره هم مخه کښې پروت دے۔ ما ته د سلطان محمد داسې اوښائی چې آيا د يو کال اټنشن جواب بل ممبر ورکولې شی رولنګ، د منسټر نه علاوه، آيا ليجسليشن منسټر نه علاوه پيش کولې شی، آيا Reply چې کوئسچن ممبر راولی، د هغې Reply بغير د منسټر نه بل څوک ورکولې شی، چې ورکولې شی نو بيا به زه په غلطه يم خو دا کتاب ما ډير زيات کتلې دے او دا به تاسو هم کتلې وی او سيکرټری صاحب خو دا ټول ماهران ناست دی تاسو سره، ايکسپرټس دی، د دوئ نه دا تپوس اوکړئ چې يره ديکښې دا شته؟ چې کوم ځائې کښې دا نه وی نو روايت، اوس ګوره Rule is never supersede the law.، دا ضوابط قانون Supersede کولې نشی، قانون Constitution چې دے Supersede کولې نشی، نو اوس روايت زمونږه شته دے خو روايات زمونږه داسې دی چې هغه داسې يو کامن ايشو راشی، اوس هغه زما ورور دے، کامران بنګش سپيشل اسسټنټ دے خو He can't refer, submit the legislation، هغه نشی کولې، ځکه ديکښې دا تاسو اوګورئ، زه تاسو ته ښايمه۔ ګوره هغه وائی زه به تا ته ښايمه۔ دا دے Rule

"77. Notice of motion for leave to introduce a Private member"، دا پرائيويټ ممبر دے، پرائيويټ چې يره زه ئې پيش کوم يا زما بل ملګرے ئې پيش کوی، "Notice of a Government Bill"، لکه دا ګورنمنټ بل دوئ ورکوی، دا دوه تاسو ته مخامخ "A Minister"، ګوره جی وړومبنې لفظ دے، "A Minister may move for leave to introduce a Bill after giving to the secretary"۔ اوس ديکښې منسټر لفظ دے، که ديکښې سپيشل اسسټنټ لفظ وی، که ديکښې ايډوائزر وی نو بالکل بيا به زه په غلطه يمه، دا ستاسو کتاب دے، زمونږه Rule دے، مونږه دوئ ته دا وايو چې ناں، ستاسو سره منسټران شته دے، دا زمونږه که هغه سپيشل اسسټنټ دے، زمونږ د پاره قابل قدر دے،

قابل احترام دے خو نا ں څنګه چې قانون وائی هغسې به کوؤ او تاسو هم دا وایئی چې د قانون مطابق کول پکار دی، نو زمونږه خو صرف دا خبره ده نور زمونږه څه Objection نشته دے خو کم از کم This should be run by rule and law on subject. Thank you Sir.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی نگہت اورکزئی صاحبہ جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، رولز اور ریگولیشن کے بارے میں تو انہوں نے بات کی میں اس پہ Repetition نہیں کرنا چاہتی لیکن جناب سپیکر صاحب، اس ہاؤس کی باقاعدہ روایات ہیں اور ہم پچھلے بیس سال سے وہ روایات دیکھ رہے تھے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ جب ان کی مطلب کی بات آتی ہے تو روایات کو یہ Quote کرتے ہیں لیکن جب ہماری روایات کی بات آتی ہے تو کہتے ہیں کہ جی آپ روایات کو اپنی طرف، اب نیشنل اسمبلی کو دیکھیں، آپ سندھ اسمبلی میں دیکھیں، آپ پنجاب اسمبلی میں دیکھیں، وہاں پہ جب ایک مطلب موشن (موؤ) ہوتی ہے یا ایک ایسی چیز Important جو کہ پبلک انٹرسٹ میں ہوتی ہے، اس کو باقاعدہ ممبرز کے ساتھ بیٹھ کے ڈسکس کیا جاتا ہے اور پوائنٹ آف آرڈر یا یہ چیزیں جو ہوتی ہیں، یہ Day by day کی جو ہوتی ہیں، یہ جو ضروری ہوتی ہیں کیونکہ اگر آج ایک پوائنٹ آف آرڈر پہ نہیں بولتی ہوں اور آپ کہتے ہیں کہ نہیں جی یہ تو روایات ہیں اور یہ تو اس ہاؤس کا یہ ہے اور وہ ہے، تو جناب سپیکر! ہم اس ہاؤس کو ایک august House سمجھتے ہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ تمام رولز ریگولیشن کو جیسے انہوں نے کہا کہ Rules جو ہیں تو وہ Law کو Supersede نہیں کر سکتے، اسی طرح دوسری چیزوں کو وہ نہیں کر سکتے، ان میں میں نہیں جانا چاہتی کیونکہ وہ لیگل لڑائی ہے ان میں اور گورنمنٹ میں سلطان صاحب کی، لیکن سر! میں نے آپ سے پوائنٹ آف آرڈر اس لئے مانگا تھا، آپ کو اچھی طرح پتہ ہے کہ میں نے آپ سے اس دن بات بھی کی تھی کہ یہاں پہ آئی ٹی کا منسٹر اگر اٹھتا ہے، آئی ٹی کا جو یعنی یہاں کا جو ہاؤس کا بڑا ہے ہمیں سب سے پہلے اطلاع ہوتی تھی کہ آپ کی اسمبلی اتنے بجے شروع ہو گی اور فلاں دن کو جو ہے تو وہ ہو گی، ایجنڈا ساتھ آ جاتا تھا۔ پچھلے تقریباً کوئی مہینے سے نہ ایجنڈا آتا ہے اور نہ ہی اسمبلی میں ہمیں بتایا جاتا ہے کہ کس دن اسمبلی ہے یا نہیں ہے؟ اب اس دن ایک کال اٹنشن میری اور عنایت صاحب کی اور اس کی بھی ہماری خاتون کی ایک کال اٹنشن تھی، ایڈجرنمنٹ موشن تھی جناب سپیکر صاحب، وہ اتنی Important تھی کہ یہاں پہ کوئی منسٹر سوائے ہشام خان کے کوئی بھی نہیں تھا اس دن، آپ مجھے بتائیں کہ ہم لوگوں نے تو یہاں تک کوشش کی ہے کہ اس

ہاؤس کو چلائیں لیکن اس کے باوجود آپ کا سٹاف اس کو لے کر آیا، جب ان کو پتہ تھا کہ عنایت صاحب دیر میں ہیں اور وہ اس کال اٹنشن، یہ جو ایڈ جرنمنٹ موشن ہے، ہم دونوں نے اس کو Defend کرنا تھا اور وہاں سے کسی نے نہیں کرنا تھا اور Finally آپ تھے لیکن آپ بھی اس پہ رولنگ نہیں دے سکتے تھے۔ اسی طرح اس دن دس بجے اسمبلی تھی، ہمیں کوئی اطلاع نہیں تھی، میں جب آئی ہوں تین بجے As routine کے مطابق تو پتہ چلا کہ نہیں ہے، مجھے آپ بتائیں کہ آئی ٹی کا کون ہے؟ آئی ٹی والا جو ہے تو وہ اپنی خدمات جو ہیں، جو سیلری لے رہا ہے، آیا وہ اپنی اس کو پورا بھی کر رہا ہے کہ نہیں؟ دوسرا پوائنٹ آف آرڈر میں نے آپ سے مانگا تھا اور یہ اسی دن سر، میں دو تین۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میڈم! ایک منٹ، ایک منٹ، نہیں نہیں نہیں جو ایشو چل رہا ہے نا اس پہ پہلے بات کر لیں، پھر آپ پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کریں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سر! وہ بہت Important point of order ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جو ایشو چل رہا ہے میں پہلے اس پہ بات کروں۔ (مداخلت) ایک منٹ جی۔ سب سے پہلے تو جس طرح میڈم نے بات کی، جس طرح سب سے پہلے میڈم نے بات کی، (مداخلت) میڈم! یہ سن لیں، پہلے یہ سن لیں جی، آپ کا آپس میں اتفاق نہیں، میں جواب دے رہا ہوں آپ کھڑی ہو گئیں، سوری جی۔ میڈم آپ نے جیسے بات کی کہ ہمارے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کا سیکرٹری صاحب جو بھی ہیڈ ہے، اگر ان کی غفلت ہے اور ان کی طرف سے Messages نہیں جا رہے تو اس کو سب Update کیا جائے۔ دوسرا میں تمام آنریبل ممبرز سے بھی یہ ریکویسٹ کروں گا کہ وہ اپنے واٹس ایپ نمبرز اور باقی نمبرز سیکرٹری صاحب کو دے دیں، کافی سارے ممبران کے نمبرز چینج ہو گئے ہیں، چینج ہو گئے ہیں، وہ میسج کرتے ہیں اور پھر ان کو ملتا نہیں، پھر وہ کہتے ہیں کیونکہ ان کے پاس جو نمبرز ہیں، یہ ایک Click پہ تمام آنریبل ممبرز کو وہ میسج چلا جاتا ہے لیکن اگر کسی ممبر کو نہیں ملتا نیٹ ورک کے ایشوز کی وجہ سے یا ان کا نمبر غلط ہے تو وہ اس کو آپ Update کر دیں جی اور سیکرٹری صاحب! آپ اپنے آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کو ہدایات دیں کہ جو بھی نمبر جس ایم پی اے کا آپ کے پاس نہیں ہے یا غلط ہے، ان سے وہ ریکارڈ طلب کریں اور اگر ان کی طرف سے میسج نہیں گیا تو ان کی غفلت ہے تو اس کی بھی انکوائری کی جائے۔ دوسری بات میڈم! یہ ایجنڈا جو ہے آپ کے تمام آفسز میں بھی دیا جاتا ہے اور دوسرا اختتام میں، آخر میں یہاں چیئر سے بھی یہ بتایا جاتا ہے کہ اس ٹائم تک یہ سیشن ایڈجرن ہوا ہے۔ تو مطلب یہ آپ کو بھی اپنی

حاضری لگانی چاہیئے اور اگر آپ لوگ سب یہاں پر شام تک بیٹھے رہیں گے تو آپ کو پتہ رہے گا لیکن ابھی میں نے رولنگ دے دی ہے، اس پہ مزید بات نہیں کریں گے۔ دوسری بات، اصل بات جو آئٹم نمبر 8 میں نے پکارا ہے جس پہ خوشدل خان صاحب نے بھی بات کی، سلطان محمد خان صاحب نے بھی بات کی رولز اور قانون کی بات کی گئی، پھر اس میں روایات کی بات بھی کی گئی، اس سے پہلے Tenure میں بھی اسی طرح سپیشل اسسٹنٹس اور ایڈوائزرز جو ہیں، وہ اپنے موشنز وغیرہ سب پیش کرتے تھے، اپنا بزنس پیش کرتے تھے، اس وقت کسی نے اس کو پوائنٹ آؤٹ نہیں کیا۔ دوسری بات قومی اسمبلی میں بھی آج یہ پریکٹس اب بھی جاری ہے کہ وہاں پہ سپیشل اسسٹنٹس اور ایڈوائزرز جو ہیں، وہ اپنا بزنس پیش کر سکتے ہیں، لا سکتے ہیں۔ تو اگر ہم روایات کی بات کریں تو یہ روایات ہماری اسمبلی کی پہلے بھی چلتی آ رہی ہیں، اب بھی چلتی ہیں، چلیں گی ان شاء اللہ، اگر اس میں کوئی قانونی Hitch ہے تو ان شاء اللہ آپ اور خوشدل خان صاحب ہم سب بیٹھیں گے، اس کو ہم پھر دور کریں گے لیکن اس وقت جو روایات ہماری اسمبلی کے ہیں، اس کے مطابق ہم اس اسمبلی کو چلائیں گے ان شاء اللہ خوشگوار موڈ میں جی۔

(تالیاں)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: It stands laid. Item No. 09, Minister for Law on behalf of the honourable Chief Minister, to please introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Public Service Commission (Amendment) Bill, 2020.

<u>جناب سلطان محمد خان (وزیر قانون)</u>: سر! میں اس ایجنڈا آئٹم کو پیش کرنے سے پہلے اتنا ضرور کہوں گا کہ یہاں پر ہمیشہ ہماری اسمبلی میں بہت خوشگوار ایک ماحول رہا ہے اور میں اگر ہو سکتا ہے ڈیبیٹ میں سر، میں اتنی ایک وضاحت کرنا چاہ رہا تھا اس کو پیش کرنے سے پہلے کہ یہاں پر ہماری اسمبلی کے اندر ایک بہت اچھا ماحول ہوتا ہے ہمیشہ اور جس طرح میری اگر ذاتی جس طریقے سے میں یہاں پر Conduct کرتا ہوں اپنے آپ کو تو وہ بھی میری کوشش ہوتی ہے کہ کوئی اس کو غلط محسوس نہ کرے۔ خوشدل خان صاحب ہمارے بھائی بھی ہیں، ہمارے بہت زیادہ ایک Intelligent اور Competent وکیل بھی ہیں تو میں یہ ضرور کہوں گا کہ میں ان سے یہ Agree کرتا ہوں کہ ان کا اس کے اندر کوئی ذاتی تو کوئی چیز ہے نہیں، انہوں نے اگر کوئی بات پوائنٹ آؤٹ کی ہے تو اس سے اس ہاؤس کی ڈیبیٹ کی کوالٹی اچھی ہوتی ہے، اس کے اوپر ڈیبیٹ ہو جاتی ہے اگر کوئی ایشو سامنے آ جاتا ہے اور ضرور سر، اس میں جتنے بھی آپ نے ابھی ایک Opinion آپ نے وہاں چیئر سے دیا ہے تو وہ بہت زیادہ وزن بھی رکھتا ہے اور سر، ایک تجویز میں ضرور

دوں گا، سر! ایک تجویز میں ضرور دوں گا کیونکہ یہ ایشو بار بار آرہا ہے تو جس طرح آپ نے وہاں سے یہ کہا ہے تو بے شک اس کو کسی کمیٹی کو دے دیں یا ہمیں بٹھا دیں Informally، کمیٹی کو نہ بھی دیں تو Informally تین چار ممبرز کو جو Law knowing ہیں، Law کے ساتھ ان کا کوئی تعلق ہے تو آپ ہمیں بٹھادیں تاکہ اس کے اوپر ہم تھوڑا سا کام کر کے، ایک ہوم ورک کر کے آپ کو بھی دے دیں تاکہ اس ایشو کو Once and for all چلیں، Traditions تو ہیں لیکن اگر قانون میں یا رولز میں یا کہیں پر بھی اس طرح کی کوئی امنڈمنٹ ہو سکتی ہے تو ضرور ہم دے دیں۔ میں صرف دو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان خان صاحب! اس پہ میں نے رولنگ دے دی ہے، Already میں نے کہہ دیا ہے کہ آپ اور اپوزیشن والے بیٹھیں، ادھر سے جو تجویز آئی گی، اس پہ ہم بات کریں گے ابھی آپ اپنا وہ پیش کریں۔

وزیر قانون: سر! صرف میں ختم کرنے سے پہلے دو چیزیں سامنے رکھنا چاہوں گا اور انہیں میں اور خوشدل خان صاحب اور اور ممبرز اگر آپ مناسب سمجھیں گے جب ہم بیٹھیں گے تو ہم ان چیزوں کے اوپر ضرور بحث کریں گے۔ Rule 83 بھی اس وقت میں کہہ رہا تھا کہ میں بتا رہا ہوں لیکن انسان ہے، اس وقت وہ Exact rule میرے ذہن میں آ نہیں رہا تھا تو Rule 83 ہے، اس کو بھی ہم نے ضرور دیکھنا ہے کہ آیا یہ اس کو Cover کرتا ہے؟ مثلاً آپ دیکھ لیں Rule "83. Person by whom motions in respect of Bills may be made"۔ اس میں خاصکر اگر (2) آپ دیکھ لیں Sub-rule (2). "For the purpose of this rule "Member-in-Charge of the Bill" means, in the case of a Government Bill, any Member acting on behalf of Government and in any other case, the Member who has introduced the Bill." So یعنی کہ "any Member acting on behalf of Government" آسکتا ہے، تو اس کے علاوہ سر! چھٹیوں سے واپس آئے ہیں تو اتنا وہ دماغ تو ہم بھی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سلطان صاحب! آپ پہلے بل پیش کریں پھر اس کے بعد اپنی دوسری باتیں کریں۔

وزیر قانون: سر! بس میں کمپلیٹ کرتا ہوں۔ سر، بالکل میں کمپلیٹ کرتا ہوں، اس میں زیادہ بحث کی گنجائش ہے بھی نہیں کیونکہ آپ نے کہہ دیا ہے کہ آپ بیٹھ جائیں۔ دوسرا سر، یہ جو "Khyber Pakhtunkhwa Advisers and Special Assistants to the Chief Minister (Appointment) Act ہے 1989 کا، اس میں بھی کچھ اس طرح کے بارے میں ایکٹ ہے، دو تین

چار ہی Sections ہیں لیکن اس میں تھوڑا بہت ہے کہ "An Adviser or Special Assistant to the Chief Minister shall perform such functions as may be assigned to him by the Chief Minister from time to time"، تو اس میں ہے، ایسا نہیں ہے کہ بالکل ہوا میں یہ لوگ اس کے یہ Bills introduce کر رہے ہیں یا گورنمنٹ کی طرف سے جواب دے رہے ہیں؟ یہ جو 1988 یا 1989 والا ایکٹ ہے، اس میں بھی لکھا ہوا ہے Rule 83 کا (2) Sub-rule جو ہے، اس میں بھی Mention ہے لیکن اگر اس کو اور بہتر بنانے کی گنجائش ہے تو بے شک سر، ہم آپ کی ڈائریکشنز کے اوپر اس کے اوپر کام کر لیں گے۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن مجریہ 2020 کا متعارف کرایا جانا

Minister Law: Sir! I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Public Service Commission (Amendment) Bill, 2020 in the House.
Mr. Deputy Speaker: It stands introduced. Ji Nighat Orakzai Sahiba! Nighat Orakzai.

محترمہ آسیہ خٹک: سر کورم پورا نہیں ہے۔
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، ھغوی د کورم نشاندھی اوکڑہ جی۔ سیکرٹری صاحب! کاؤنٹ۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں نے موقع دیا ہے لیکن انہوں نے کورم کی نشاندہی کر دی ہے، ایک منٹ جی۔

(شور)

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: 29، دو منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں، دو منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بج رہی ہیں)

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب! تاسو لږ ځان پوھه کړئ، دا کرسئی نه نه دے شوې، کورم کرسئی نه نه دے شوې-----

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> خوشدل خان صاحب! لږ ځان پوهه کړئ جی، ماشوم نه یئ، د کورم نشاندهی د هغه ځائې نه اوشوه، د دې ځائې نه نه ده شوې۔ سیکرټری صاحب! کاؤنټ۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی جارہی ہے)

(شور)

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> اس وقت 30 آنریبل ممبرز یہاں پر موجود ہیں، کورم پورا نہیں ہے۔ The sitting is adjourned till 03:00 pm tomorrow afternoon.

---

(اجلاس بروز منگل مورخہ 04 اگست 2020ء بعد از دوپہر تین بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)

# ضمیمہ

6430 _ جناب وقار احمد خان: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں سروسز پر ٹیکسز کے حصول کے لئے ایک اتھارٹی قائم کی گئی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پچھلے کئی سالوں سے مذکورہ اتھارٹی نے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ اتھارٹی کون کونسے سروسز پر کتنی کتنی ٹیکس وصول کرتی ہے اور پچھلے پانچ سالوں میں مذکورہ اتھارٹی کے اخراجات اور آمدن (ٹیکس وصولی) مس جواضافہ ہوا ہے، سالانہ کی بنیاد پر تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ): (جواب ندارد)۔